MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




# شبِ یکم رمضان کی نماز

آنحضرت (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا: جو شخص شبِ پہلی رمضان چار رکعت نماز ادا کرے (دو دو کرکے) ہر رکعت میں سورہ الحمد اور پچیس مرتبہ سورہ توحید کی تلاوت کرے تو خدا اسے شہدا اور صدیقین کا ثواب عطا کیا جائے گا اور اس کی مغفرت ہو جائے گی اور وہ شخص روزِ قیامت کامیاب افراد میں سے ہوگا۔

اس رات دو رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ انعام کی تلاوت کرے اور سوال کرے کہ خدا کفایت کرے اس کے لئے اور جس سے ڈرتا ہو اس سے محفوظ رکھے۔

(مفاتیح الجنان۔شیخ عباس قمی)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

شهر رمضان

المصادر:
مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين
مكارم الأخلاق


## ماہِ رمضان کے پہلے دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صِيامي فيهِ صِيامَ الصّائِمينَ، وَقِيامي فيهِ قِيامَ الْقائِمينَ، وَنَبِّهْني فيهِ عَنْ نَوْمَةِ الْغافِلينَ، وَهَبْ لي جُرْمي فيهِ يا اِلـٰهَ الْعالَمينَ، وَاعْفُ عَنّي يا عافِياً عَنْ الْمُجْرِمينَ .

اس دعا کی تلاوت کا ثواب: ہزار ہزار نیکیاں عطا ہوں گی

## ماہِ رمضان کی دوسری شب کی نماز

یہ چار رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بیس مرتبہ سورہ قدر پڑھے۔
خدا اس شخص کی مغفرت فرمائے گا اور اسکے رزق میں وسعت عطا فرمائے گا اور اسکے سال بھر کے معاملات کیلیئے کافی ہو جائے گا۔



## کھجور کھانے کی فضیلت

امیر المومنینؑ سے مروی ہے
کھجور کھاؤ۔ اس میں بیماریوں کی شفا ہے۔

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




# ماہِ رمضان کے دوسرے دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ قَرِّبْني فيهِ اِلى مَرْضاتِكَ، وَجَنِّبْني فيهِ مِنْ سَخَطِكَ وَنَقِماتِكَ، وَوَفِّقْني فيهِ لِقِرآءَةِ آياتِكَ بِرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ

آنحضرتؐ سے مروی ہے جو شخص اس دعا کی تلاوت کرے، اسے اس کی زندگی کے ہر قدم کے بدلے ایک سال کا ثواب ملے گا جس کے دن روزے میں اور راتیں قیام کی حالت میں گزری ہوں۔

اس روز کی مناسبت 2

سن 201 ہجری میں امام رضا(علیہ السلام) کو ولایت عہدی دی گئی۔

# ماہِ رمضان کی تیسری شب کی نماز

**نماز:** یہ دس رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔

روز قیامت صدا دی جائے گی کہ اس شخص کیلئے آگ سے رہائی ہے۔



رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: اگر (تمہارے سامنے) حلوہ رکھا جائے تو اس میں سے کچھ کھا لو اور اسے رد مت کرو۔

المصادر: مفاتیح الجنان / ضیاء الصالحین / مکارم الأخلاق

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




## ماہِ رمضان کے تیسرے دن کی دعا

اَللّهُمَّ ارْزُقْني فيهِ الذِّهْنَ وَالتَّنْبيهَ، وَباعِدْني فيهِ مِنَ السَّفاهَةِ وَالتَّمْويهِ، وَاجْعَلْ لي نَصيباً مِنْ كُلِّ خَيْرٍ تُنْزِلُهُ فيهِ، بِجُودِكَ يا أَجْوَدَ الأَجْوَدينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: جو شخص ماہ رمضان کے تیسرے دن اس دعا کی تلاوت کرے، جنت میں اس کے لیے گھر بنا دیا جائے گا۔

اس روز کی مناسبت 3 حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر صحیفوں کا نزول۔

## ماہِ رمضان کی چوتھی شب کی نماز

### نماز:

یہ آٹھ رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بیس مرتبہ سورہ قدر پڑھے۔
اس شخص کا عمل سات انبیا اور ان افراد کے ساتھ بلند ہو گا جنہوں نے اپنے رب کی رسالت انجام دی۔

### انار کھانے کا فائدہ



امام صادقؑ سے منقول ہے کہ رسولؐ خدا نے فرمایا: ہر انار میں جنت کے انار کا ایک دانہ ہوتا ہے۔ اگر اس کا کچھ حصہ بکھر جائے تو اسے اٹھا لو۔ یہ دانہ جو گرا اور پھر کسی مسلمان کے معدے میں گیا، چالیس دن تک اسے نورانی رکھے گا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




# ماہِ رمضان کے چوتھے دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ قَوِّني فيهِ عَلى إقامَةِ أَمْرِكَ، وَأَذِقْني فيهِ حَلاوَةَ ذِكْرِكَ، وَأَوْزِعْني فيهِ لِأَداءِ شُكْرِكَ بِكَرَمِكَ، وَاحْفَظْني فيهِ بِحِفْظِكَ وَسَتْرِكَ، يا أَبْصَرَ النّاظِرينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: جو شخص ماہ رمضان کے چوتھے روز اس دعا کی تلاوت کرے جنت الفردوس میں ستّر ہزار تخت ملیں گے جن میں سے ہر تخت پر ایک حور ہو گی۔

اس روز کی مناسبت 4: سن 53 ہجری میں زیاد بن ابیہ ہلاک ہوا۔ اس روز خندق کھودی گئ۔

## ماہِ رمضان کی پانچویں شب کی نماز

یہ دو رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ توحید اور سلام کے بعد سو مرتبہ صلوات پڑھے تا کہ جنت کے دروازے پر رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ پہنچے۔



**امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا**

تم پر لازم ہے کہ دو چیزوں سے شفا حاصل کرو: شہد سے اور قرآن سے۔

المصادر: مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / مكارم الأخلاق

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / مكارم الأخلاق

# ماہِ رمضان کے پانچویں دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْني فيهِ مِنَ الْمُسْتَغْفِرينَ، وَاجْعَلْني فيهِ مِنْ عِبادِكَ الصّالِحينَ الْقانِتينَ، وَاجْعَلني فيهِ مِنْ اَوْلِيائِكَ الْمُقَرَّبينَ، بِرَأْفَتِكَ يااَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: جو اس روز یہ دعا پڑھے گا اسے جنت میں ہزار ہزار ٹکڑے دیے جائیں گے جن میں سے ہر ٹکڑے میں ہزار ہزار قسم کے کھانے ہوں گے۔۔

# ماہِ رمضان کی چھٹی شب کی نماز

یہ چار رکعت نماز ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ ملک پڑھے۔۔ گویا اس شخص نے شب قدر پا لی۔۔

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

تم پر لازم ہے کے مسور کی دال کا استعمال کرو۔ یہ دال با برکت اور قداست والی ہے۔ اس سے دل نرم اور آنسو زیادہ ہوتے ہیں۔ اس میں ستّر انبیاءؑ نے برکت (کی دعا) کی ہے جن میں سے آخری نبی عیسیٰؑ بن مریمؑ تھے۔۔



youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم



المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / مكارم الأخلاق

## ماہِ رمضان کے چھٹے دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ لاتَخْذُلْني فيهِ لِتَعَرُّضِ مَعْصِيَتِكَ، وَلاتَضْرِبْني بِسِياطِ نَقِمَتِكَ، وَزَحْزِحْني فيهِ مِنْ مُوجِباتِ سَخَطِكَ، بِمَنِّكَ وَأَيادِيكَ يا مُنْتَهى رَغْبَةِ الرَّاغِبينَ .

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: جو شخص اس روز اس دعا کی تلاوت کرے گا خدا اسے چالیس ہزار شہر عطا فرمائے گا۔

اس روز کی مناسبت: 6 — سن 201 ہجری میں زبردستی امام رضا (علیہ السلام) کی بیعت

## ماہِ رمضان کی ساتویں شب کی نماز

یہ چار رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیرہ مرتبہ سورہ قدر پڑھے۔ (جو یہ نماز ادا کرے خدا جنت میں اس شخص کیلئے سونے کا ایک محل بنائے گا اور اگلے برس اس روز تک یہ شخص خدا کی امان میں رہے گا)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا



جو شخص سفرجل (بہی) کھائے گا، خدا چالیس دن تک اس کی زبان سے حکمت کو جاری رکھے گا۔

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ




المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / مكارم الأخلاق

## ماہِ رمضان کے ساتویں دن کی دعا

اَللّهُمَّ أَعنّي فِيهِ عَلى صِيامِهِ وَقِيامِهِ، وَجَنِّبْني فيهِ مِنْ هَفَواتِهِ وَآثامِهِ، وَارْزُقْني فيهِ ذِكْرَكَ بِدَوامِهِ، بِتَوْفيقِكَ يا هادِيَ الْمُضِلّينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: جو شخص اس روز اس دعا کی تلاوت کرے گا اسے جنت میں وہ ملے گا جو شہدا، سعادت مند افراد اور اولیا کو دیا جائے گا۔

اس روز کی مناسبت 7 جناب ابوطالب (علیہ السلام) کی وفات / جناب موسیٰ (علیہ السلام) پر توریت کا نزول

## ماہِ رمضان کی آٹھویں شب کی نماز

یہ دو رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور سلام کے بعد ہزار مرتبہ سُبحَانَ اللہ کہے تاکہ جس دروازے سے چاہے جنت میں داخل ہو سکے۔

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا



انگور کو ایک ایک دانہ کرکے کھاؤ۔ اس طرح زیادہ پُرلطف اور پسندیدہ ہے۔
میری اُمّت کی بہار انگور اور خربوزہ ہیں۔

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم




المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / مكارم الأخلاق

## ماہِ رمضان کے آٹھویں دن کی دعا


**اَللّٰهُمَّ ارْزُقْني فيهِ رَحْمَةَ الأيْتام، وَإطْعامَ الطَّعام، وَإفْشاءَ السَّلامِ، وَصُحْبَةَ الْكِرام، بِطَولِكَ يا مَلْجَأَ الآمِلينَ.**

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: جو شخص اس روز اس دعا کی تلاوت کرے گا اس کا عمل ہزار صدیق کے اعمال کے ساتھ بلند ہوگا۔

اس روز کی مناسبت 8
سن 2 ہجری میں آنحضرت ﷺ کا غزوہ بدر کبریٰ کے لیے نکلنا۔

## ماہِ رمضان کی نویں شب کی نماز

یہ مغرب و عشا کے درمیان چھ رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سات مرتبہ آیۃ الکرسی اور سلام کے بعد پچاس مرتبہ صلوات پڑھے۔
اس شخص کا عمل شہدا، صدیقین اور صالحین کے عمل کی مانند بلند ہوگا۔۔



امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
ناشپاتی باذن خدا دل کو صاف کرتی ہے اور پیٹ کے درد کو سکون بخشتی ہے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / مكارم الأخلاق

## ماہِ رمضان کے نویں دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لي فيهِ نَصيباً مِنْ رَحْمَتِكَ الْواسِعَةِ، وَاهْدِني فيهِ لِبَراهينِكَ السّاطِعَةِ، وَخُذْ بناصِيَتي إلى مَرْضاتِكَ الْجامِعَةِ، بِمَحَبَّتِكَ يا أَمَلَ الْمُشْتاقينَ .

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: جو شخص اس روز اس دعا کی تلاوت کرے گا اسے بنی اسرائیل کا ثواب عطا کیا جائے گا۔

اس روز کی مناسبت 9: جناب یحییٰ بن زکریا (علیہم السلام) کی ولادت۔

## ماہِ رمضان کی دسویں شب کی نماز

یہ بیس رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔خدا اس کے رزق میں وسعت فرمائے گا اور یہ شخص کامیاب افراد میں قرار پائے گا۔

امام حسینؑ نے اپنے والدؑ سے نقل کیا: جب رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) روزے سے ہوتے تھے تو اپنے کھانے کی ابتدا کھجور سے کرتے تھے۔

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

شهر رمضان

المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / مكارم الأخلاق

## ماہِ رمضان کے دسویں دن کی دعا

اَللّهُمَّ اجْعَلْني فيهِ مِنَ الْمُتَوَكِّلينَ عَلَيْكَ، وَاجْعَلْني فيهِ مِنَ الْفائِزينَ لَدَيْكَ، وَاجْعَلْني فيهِ مِنَ الْمُقَرَّبينَ إِلَيْكَ، بِإِحْسانِكَ يا غايَةَ الطّالِبينَ

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): جو شخص اس روز اس دعا کی تلاوت کرے گا اس کیلئے ہر چیز استغفار کرے گی

اس روز کی مناسبت 10 ہجرت سے 3 سال قبل، سن 620 عیسوی میں جناب خدیجہ (علیہا السلام) کی شہادت

## ماہ رمضان کی گیارہویں شب کی نماز

یہ دو رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔
اس روز اس کے کسی گناہ پر اس سے باز پرس نہیں ہوگی۔۔

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا



پنیر اور اخروٹ میں سے ہر ایک میں شفا ہے۔ لیکن اگر انہیں ایک دوسرے سے جدا کر دیا جائے تو ان میں سے ہر ایک میں بیماری ہے

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992



المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / مكارم الأخلاق

# ماہِ رمضان کے گیارہویں دن کی دعا


**اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيَّ فيهِ الاِحْسانَ، وَكَرِّهْ اِلَيَّ فيهِ الْفُسُوقَ وَالْعِصْيانَ ، وَحَرِّمْ عَلَيَّ فيهِ السَّخَطَ وَالنّيرانَ بِعَوْنِكَ يا غِياثَ الْمُسْتَغيثينَ .**

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) : جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اس کیلئے رسول خدا کے ساتھ انجام پانے والے ایک مقبول حج کا ثواب لکھا جائے گا۔

اس روز کی مناسبت | 11 | حضرت داوُد (علیہ السلام) پر زبور کا نزول

## ماہ رمضان کی بارہویں شب کی نماز

یہ آٹھ رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورہ قدر پڑھے۔ اسے شکر گزار افراد کا ثواب دیا جائے گا اور روز قیامت یہ شخص کامیاب افراد میں سے ہوگا۔



رسولؐ خدا نے امام علیؑ کو یہ وصیت فرمائی: اے علیؑ! کھانے کی ابتدا بھی نمک سے کرو اور اس کی انتہا بھی نمک پر کرو۔ بے شک نمک میں ستّر بیماریوں سے شفا ہے۔ ان بیماریوں میں دیوانگی، جذام، برص، گلے کا درد، ڈاڑھ کا درد اور پیٹ کا درد شامل ہیں۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / الفروع من الكافي

## ماہِ رمضان کے بارھویں دن کی دعا

اَللّهُمَّ زَيِّنّي فيهِ بِالسِّتْرِ وَالْعَفافِ، وَاسْتُرْني فيهِ بِلِباسِ الْقُنُوعِ وَالْكَفافِ، وَاحْمِلْني فيهِ عَلَى الْعَدْلِ وَالإنْصافِ، وَآمِنّي فيهِ مِنْ كُلِّ ما اَخافُ، بِعِصْمَتِكَ يا عِصْمَةَ الْخائِفينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، خدا اسکے اگلے اور پچھلے تمام گناہوں کی مغفرت فرمائے گا، اسکی برائیوں کو اچھائیوں میں تبدیل کردے گا۔

اس روز کی مناسبت **12**: سن 1 ہجری، مدینہ میں، مہاجرین اور انصار کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا گیا۔

## ماہ رمضان کی تیرہویں شب کی نماز

یہ چار رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔ یہ شخص پل صراط پر سے تیز بجلی کی مانند گزرے گا۔ ایک اور نماز: یہ دو رکعت ہے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد، ایک مرتبہ سورہ یس، دوسری رکعت میں سورہ الحمد، ایک مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔

### غذائی فائدہ:

امام علیؑ سے مروی ہے: تم پر لازم ہے کہ ہریسہ (عرب کی ایک غذا) کھاؤ۔ یہ غذا چالیس دن تک عبادت کی طاقت دیتی ہے۔ اور یہ اس دسترخوان کا حصہ تھی جو رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل ہوا تھا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




**المصادر:** مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل / مكارم الأخلاق

دعائے مجیر کی تلاوت کی جائے۔روایت میں وارد ہوا کہ جو شخص ماہ رمضان کے ایام بیض (13اور14 اور 15) میں اس دعا کی تلاوت کرے گا،اسکے گناہوں کی مغفرت ہو جائے گی، چاہے انکی تعداد بارش کے قطروں، درخت کے پتوں اور ریت کے ذرّوں کے برابر ہو۔ اور یہ دعا بیمار کی شفایابی، قرض کی ادائیگی اور فقر سے دوری کیلئے مفید ہے اور غم کے دور ہونے اور پریشانی کے ختم ہونے کا سبب بنتی ہے۔

## ماہِ رمضان کے تیرھویں دن کی دعا

**اَللّهُمَّ طَهِّرْني فيهِ مِنَ الدَّنَسِ وَالأقْذارِ، وَصَبِّرْني فيهِ عَلى كائِناتِ الأَقْدارِ، وَوَفِّقْني فيهِ لِلتُّقى وَصُحْبَةِ الأبْرارِ، بِعَوْنِكَ يا قُرَّةَ عَيْنِ المَساكينَ**

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اسے دنیا کے ہر سخت اور نرم پتھر کے عوض ایک نیکی اور جنت میں ایک درجہ ملے گا۔

## ماہ رمضان کی چودھویں شب کی نماز

یہ چھ رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورہ زلزال پڑھے۔ خدا اس کیلئے جان کنی کے عالم اور منکر و نکیر کے مرحلے کو آسان کر دے گا۔ **ایک اور نماز:** دو دو کر کے چار رکعت ہے جس کی ہر پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ یس اور ہر دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔ **ایک اور نماز:** دو دو کر کے چار رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک ایک مرتبہ سورہ یس، سورہ ملک اور سورہ توحید پڑھے۔

**غذائی فائدہ:**

امام صادق (علیہ السلام) سے مروی ہے: لوبیا بیماری کو دور کرتا ہے اور اس میں کوئی بیماری نہیں۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




دعائے مجیر کی تلاوت کی جائے۔

**المصادر:** مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل / طب النبي (ﷺ)

## ماہِ رمضان کے چودھویں دن کی دعا

**اَللّٰهُمَّ لا تُؤاخِذْني فيهِ بِالْعَثَراتِ وَاَقِلْني فيهِ مِنَ الْخَطايا وَالْهَفَواتِ وَلا تَجْعَلْني فيهِ غَرَضاً لِلْبَلايا وَالاْفاتِ بِعِزَّتِكَ يا عِزَّ الْمُسْلِمينَ.**

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، گویا وہ انبیا، شہدا اور صالحین کا فرد بن جائے گا۔

## ماہ رمضان کی پندرھویں شب کی نماز

یہ چار رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی پہلی دو رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور دوسری دو رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچاس پچاس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔ اس کے گناہ پلک جھپکنے سے پہلے معاف کر دیے جائیں گے، چاہے سمندر کی جھاگ، جمے ہوئے ریت کے ڈھیر، آسمان کے ستاروں یا درخت کے پتوں کے برابر ہوں۔ اور اس کے علاوہ خدا کے پاس اس کا مزید اجر بھی ہوگا۔

**ایک اور نماز:** امام صادقؑ سے مروی ہے: جو شخص اس رات قبر حسینؑ کے پاس نماز عشا کے بعد اور نماز شب سے پہلے دس رکعت نماز ادا کرے جس کی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ الحمد اور دس مرتبہ سورہ توحید کی تلاوت کرے، خدا اسے آگ سے پناہ دے گا اور اسے آگ سے آزادی دے گا اور وہ شخص اپنی موت سے پہلے خواب میں ان فرشتوں کو دیکھے گا جو اسے جنت کی بشارت دیں گے اور ان فرشتوں کو بھی دیکھے گا جو اسے آگ سے امان دیں گے۔



**غذائی فائدہ:**

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: جو حفاظت چاہتا ہے اسے چاہیے کہ شہد کھائے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




اس روز کی مناسبت **15** سن 3 ہجری، بمطابق 625 عیسوی، امام حسن مجتبیٰ (علیہ السلام) کی ولادت

## ماہِ رمضان کے پندرہویں دن کی دعا

# اَللّٰھُمَّ ارْزُقْني فيهِ طاعَۃَ الْخاشِعينَ، وَاشْرَحْ فيهِ صَدْري بِإنابَۃِ الْمُخْبِتينَ، بِأَمانِكَ يا أَمانَ الخائِفينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) : جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اس کی دنیاوی حاجتوں میں سے اسی حاجتیں پوری کردی جائیں گی

## ماہ رمضان کی سولہویں شب کی نماز

یہ بارہ رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بارہ مرتبہ سورہ تکاثر پڑھے۔
یہ شخص اپنی قبر سے تر و تازہ خارج ہو گا اور (کلمہ توحید کی) شہادت کی صدا دے گا اور اسے بلا حساب جنت جانے کا حکم مل جائے گا۔

**امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا**



اگر لوگ جان لیں کے سیب میں کتنے فائدے ہیں تو اپنے تمام مریضوں کا علاج اسی کے ذریعے کریں۔

**المصادر:** مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل / المحاسن

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

شهر رمضان

المصادر: مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل / الكافي

## ماہِ رمضان کے سولہویں دن کی دعا

اَللّهُمَّ وَفِّقْني فيهِ لِمُوافَقَةِ الأبْرار، وَجَنِّبْني فيهِ مُرافَقَةَ الأشْرار، وَآوِني فيهِ بِرَحْمَتِكَ اِلى دارِ الْقَرار، بِاِلهِيَّتِكَ يا اِلهَ الْعالَمينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) : جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اسے اس کی قبر میں چھٹا نور ملے گا جس کی روشنی میں وہ چلے گا اور ایک لباس ملے گا جسے وہ زیب تن کرے گا اور ایک اونٹنی ملے گی جس پر وہ سوار ہو گا اور اسے جنت کی مشروب سے سیراب کیا جائے گا۔

## ماہ رمضان کی سترہویں شب کی نماز

یہ دو رکعت ہے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد کوئی ایک سورہ اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور سلام کے بعد سو مرتبہ لا الہ الا اللہ کہے۔

اسے ہزار ہزار حج، ہزار عمروں اور ہزار جنگوں کا ثواب ملے گا۔۔

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا



جو شخص انار کا ایک دانہ کھائے گا، یہ ایک دانہ وسوسہ کرنے والے شیطان کو چالیس روز تک بیمار رکھے گا۔۔

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

اس روز کی مناسبت 17

سن 2 ہجری ، غزوۂ بدر کبریٰ

## ماہِ رمضان کے سترہویں دن کی دعا

اَللّٰھُمَّ اهْدِني فيهِ لِصالحِ الأعْمالِ، وَاقْضِ لي فيهِ الْحَوائِجَ وَالآمالَ، يا مَنْ لا يَحْتاجُ اِلَى التَّفْسيرِ وَالسُّؤالِ، يا عالِماً بِما في صُدُورِ الْعالَمينَ، صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الطّاهِرينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) : جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اگر وہ خسارہ اٹھانے والوں میں شامل ہو تب بھی اسے معاف کر دیا جائے گا

## ماہ رمضان کی اٹھارہویں شب کی نماز

یہ چار رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔
ملک الموت اس شخص کو بشارت دے گا کہ اللہ اس سے راضی ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا



اگر کوئی اس حال میں رات کو سوئے کہ اس کے پیٹ مین مچھلی ہو جس کے بعد اس نے کھجور یا شہد نہ کھایا ہو، صبح تک وہ شخص فالج کی رگ کی زد میں رہے گا۔

المصادر: مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل / الكافي

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

شہر رمضان

المصادر: مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل

اس روز کی مناسبت 18 امام علی (علیہ السلام) کی شب ضربت / پہلی شب قدر / زیارت امام حسین (علیہ السلام) مستحب ہے۔

## ماہِ رمضان کے اٹھارہویں دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ نَبِّهْني فيهِ لِبَرَكاتِ اَسْحارِهِ، وَنَوِّرْ فيهِ قَلْبي بِضياءِ اَنْوارِهِ، وَخُذْ بِكُلِّ اَعْضائي اِلَى اتِّباعِ آثارِهِ، بِنُورِكَ يا مُنَوِّرَ قُلُوبِ الْعارِفينَ

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) : جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اسے ہزار نبیوں کا اجر ملے گا۔

**ماہ رمضان کی انیسویں شب کی نماز** یہ پچاس رکعت ہے جس میں سورہ الحمد اور پچاس مرتبہ سورہ زلزال پڑھے تاہم ظاہراً اس سے مراد یہ ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ زلزال پڑھے کیونکہ ایک رات میں پچیس سو مرتبہ سورہ زلزال پڑھنا بہت مشکل ہے۔ یہ اس شخص کی مانند ہوگا جس نے سو حج اور سو عمرے انجام دیئے ہوں اور اس کے تمام اعمال قبول ہو چکے ہوں۔

**ایک اور نماز:** اس رات اور اکیسویں اور تیئیسویں رات دو رکعت نماز ادا کرے جس کی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ الحمد اور سات مرتبہ سورہ توحید کی تلاوت کرے اور نماز مکمل کرنے کے بعد ستر مرتبہ استغفار کرے۔
رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) : جو شخص شب قدر میں یہ نماز ادا کرے گا، اس کے اپنے مقام سے بلند ہونے سے قبل خدا اسے اور اس کے والدین کو بخش دے گا اور اور خدا کچھ فرشتے بھیجے گا جو اگلے برس تک اس کے لیے نیکیاں لکھتے رہیں گے ۔ خدا کچھ فرشتے جنت کی جانب بھیجے گا جو جنت میں اس کیلئے درخت لگائیں گے اور محلات بنائیں گے اور نہروں جاری کریں گے اور وہ اس دنیا سے جانے سے قبل ان تمام چیزوں کا مشاہدہ کر لے گا۔

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

شهر رمضان

19

سن 40 ہجری میں ابن ملجم کا امیر المومنین (علیہ السلام) کو ضربت لگانا۔۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

شب قدر گزرنے کے بعد کی صبح شب قدر کی مانند ہے۔ پس عمل (صالح) اور کوشش کرو۔

## ماہِ رمضان کے انیسویں دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ وَفِّر فيهِ حَظّي مِنْ بَرَكاتِهِ، وَسَهِّلْ سَبيلي اِلى خَيْراتِهِ، وَلا تَحْرِمْني قَبُولَ حَسَناتِهِ، يا هادِياً اِلَى الْحَقِّ الْمُبينِ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، آسمان اور زمین کے فرشتے اس کے لیے استغفار اور دعا کریں گے۔

## ماہ رمضان کی بیسویں شب کی نماز

آٹھ رکعت نماز ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد جو سورہ چاہے پڑھے۔
اس کی مغفرت ہو جائے گی۔

المصادر: مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل / أمالي الصدوق

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

20

امام علیؑ کی بیماری کا دن / سن 8 ہجری، فتح مکہ / جناب موسیٰؑ کی وفات
دوسری شب قدر، زیارت امام حسینؑ۔

## ماہِ رمضان کے بیسویں دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لي فيهِ اَبْوابَ الجِنانِ، وَاَغْلِقْ عَنّي فيهِ اَبوابَ النّيرانِ، وَوَفِّقْني فيهِ لِتِلاوَةِ الْقُرْآنِ، يا مُنْزِلَ السَّكينَةِ في قُلُوبِ الْمُؤْمِنينَ

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) : جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، جو ثواب ہر اس شخص کیلئے لکھا گیا ہے جس نے ساٹھ برس ماہ رمضان کے روزے رکھے ہیں اور وہ روزے قبول ہوئے ہیں، وہ ثواب اس (دعا کو پڑھنے والے) کیلئے لکھا جائے گا

## ماہ رمضان کی اکیسویں شب کی نماز

آٹھ رکعت نماز ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد جو سورہ چاہے پڑھے۔اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور اس کی دعا قبول ہوگی۔۔

المصادر: مفاتیح الجنان ضیاء الصالحین / الوسائل

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

شهر رمضان

21

## سن 40 ہجری، بمطابق 661 عیسوی، شہادت امیر المومنین علیؑ ابن ابیطالبؑ

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا: شب قدر گزرنے کے بعد کی صبح شب قدر کی مانند ہے۔ پس عمل (صالح) اور کوشش کرو۔ اس روز زیادہ عبادتیں کرنا مستحب ہے۔ امام صادقؑ کے بارے میں مروی ہے کہ اس روز امام نماز صبح مکمل کرنے کے بعد سجدے میں گئے اور فرمایا: لا الہ الا انت مقلب القلوب۔

## ماہِ رمضان کے اکیسویں دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لي فيهِ اِلى مَرْضاتِكَ دَليلاً، وَلا تَجْعَلْ لِلشَّيْطانِ فيهِ عَلَيَّ سَبيلاً، وَاجْعَلِ الْجَنَّةَ لي مَنْزِلاً وَمَقيلاً، يا قاضِيَ حَوائِجِ الطّالِبينَ

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، خدا اس کی قبر کو منور کردے گا اور اس کے چہرے کو سفید کردے گا اور وہ شخص تیز بجلی کی مانند پل صراط سے گزرے گا۔

## ماہ رمضان کی بائیسویں شب کی نماز

آٹھ رکعت نماز ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد جو سورہ چاہے پڑھے۔ تاکہ جس دروازے سے چاہے جنّت میں داخل ہو سکے۔

المصادر: مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل / أمالي الصدوق

# ماہِ رمضان کے بائیسویں دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لي فيهِ اَبْوابَ فَضْلِكَ وَاَنْزِلْ عَلَيَّ فيهِ بَرَكاتِكَ وَوَفِّقْني فيهِ لِمُوجِباتِ مَرْضاتِكَ وَاَسْكِنّي فيهِ بُحْبُوحاتِ جَنّاتِكَ يا مُجيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرّينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) : جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اس کے لیے جان کنی کی اور منکر ونکیر کی منزل آسان ہو جائے گی اور خدا اسے قول ثابت پر قائم رکھے گا۔

## تیئسویں شب کے اعمال

یہ رات پچھلی دو راتوں ( انیسویں اور اکیسویں راتوں) سے افضل ہے اور کئی احادیث سے اس بات کا استفادہ ہوتا ہے کہ یہی رات شب قدر ہے اور اس رات ہر امر حکیم کی تقدیر طے پاتی ہے۔۔

1. سورہ عنکبوت اور روم کی تلاوت: امام صادقؑ :جو اس رات ان دو سورتوں کی تلاوت کرے گا، وہ اہل جنت میں سے قرار پائے گا۔

2. سورہ حم دخان کی تلاوت۔

3. ہزار مرتبہ سورہ قدر کی تلاوت۔

4. اس رات بلکہ ہر وقت دعائے فرج امام زمانہ (اللھم کن لولیک الحجۃ ابن الحسن۔۔۔) کی بار بار تلاوت کرنا۔

5. ابتدائے شب کے غسل کے علاوہ رات کے آخری حصے میں ایک اور غسل انجام دینا۔

اور جان لو کہ اس رات میں کہ اس رات غسل ، شب بیداری ، زیارت امام حسینؑ اور سو رکعت نماز کی بہت زیادہ تاکید اور فضیلت ہے۔

ابو بصیر روایت کرتے ہیں کہ امام صادقؑ نے مجھ سے فرمایا: جس رات کے بارے میں امید ہو کہ وہ شب قدر ہے تو اس میں سو رکعت نماز اس طرح کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید پڑھو۔ میں نے عرض کیا :آپ پر قربان ہو جاؤں ! اگر یہ نماز کھڑے ہو کر نہ پڑھ سکوں تو؟ فرمایا :اگر کھڑے ہونے کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر پڑھ سکتے ہو۔ میں نے عرض کی: اگر بیٹھ کر نہ پڑھ سکوں تو پھر کیا کروں ؟آپ نے فرمایا: بیٹھ کر نہیں پڑھ سکتے ہو تو اپنے بستر پر پشت کے بل لیٹ کر پڑھ لو۔۔

# تیئسویں شب کے باقی اعمال

مروی ہے کہ رسولؐ اللہ رمضان مبارک کے آخری عشرے میں اپنا بستر لپیٹ دیتے اور عبادت الٰہی میں مصروف ہو جاتے۔ تیئسویں کی رات آپ اپنے اہل و عیال کو بیدار کرتے اور پھر جس پر نیند کا غلبہ ہوتا اس کے منہ پر پانی کے چھینٹے دیتے۔ حضرت فاطمہؑ بھی اس رات اپنے گھر کے کسی فرد کو سونے نہ دیتیں، نیند کا علاج یوں کرتیں کہ دن کو کھانا کم دیتیں اور فرماتیں کہ دن کو سو جاؤ تاکہ رات کو بیدار رہ سکو۔ آپؑ فرماتی ہیں: بدقسمت ہے وہ شخص جو آج کی رات خیر و نیکی سے محروم رہ جائے۔

علامہ مجلسیؒ کا ارشاد ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اس رات تلاوت قرآن کرے اور صحیفہ کاملہ کی دعائیں بالخصوص دعائے مکارم الاخلاق اور دعا توبہ پڑھے۔

نیز یہ کہ شب ہائے قدر کے دنوں کی عظمت و حرمت کا بھی خیال رکھے اور ان میں عبادت الٰہی، تلاوت قرآن اور دعا کرتا رہے۔ معتبر احادیث میں ہے کہ شب قدر کا دن بھی رات کی طرح (عظمت اور فضیلت کا حامل) ہے۔

شب قدر گزرنے کے بعد کی صبح شب قدر کی مانند ہے۔ پس عمل (صالح) اور کوشش کرو۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

شب قدر گزرنے کے بعد کی صبح شب قدر کی مانند ہے۔
پس عمل (صالح) ور کوشش کرو۔

المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / مكارم الأخلاق

## ماہِ رمضان کے تیئسویں دن کی دعا


اَللّٰهُمَّ اغْسِلْني فيهِ مِنَ الذُّنُوب، وَطَهِّرْني فيهِ مِنَ الْعُيُوب، وَامْتَحِنْ قَلْبي فيهِ بِتَقْوَى الْقُلُوبِ، يا مُقيلَ عَثَراتِ الْمُذْنِبينَ.

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، وہ شخص انبیا، شہدا اور صالحین کے ہمراہ، تیز بجلی کی مانند پل صراط سے گزرے گا۔

## ماہ رمضان کی چوبیویں شب کی نماز

آٹھ رکعت نماز ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد جو سورہ چاہے پڑھے۔
رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے مروی ہے: جو شخص اس نماز کو ادا کرے گا گویا اس نے حج و عمرہ انجام دیا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا



حضرت نوحؑ نے خدا کی بارگاہ میں غم کا شکوہ کیا تو خدا نے ان پر وحی بھیجی: کالا انگور کھاؤ۔ یہ غم کو دور کرتا ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / بحار الأنوار

## ماہِ رمضان کے چوبیسویں دن کی دعا

اَللّهُمَّ إنّي أَسْأَلُكَ فيهِ ما يُرْضيكَ، وَأَعُوذُ بِكَ مِمّا يُؤْذيكَ، وَأَسْأَلُكَ التَّوْفيقَ فيهِ لأَنْ أُطيعَكَ وَلا أَعْصيكَ يا جَوادَ السّائِلينَ

جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اس کے سر اور جسم پر موجود ہر بال کے عوض اسے یاقوت اور مرجان جیسے ہزار خادم اور غلام دیے جائیں گے۔

## ماہ رمضان کی پچیسویں شب کی نماز

یہ آٹھ رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔
رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): جو اس نماز کو ادا کرے گا اس کے لیے عابدوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

مروی ہے: ماہ رمضان کی پچیسویں شب میں خدا ماہ رمضان کے روزے رکھنے والوں سے برائی، بیہودگی اور ہر قسم کی بلا کو دور کر دیتا ہے۔ پھر ان کی سماعتوں اور بینائیوں کو ایک نور عطا کرتا ہے اور اس دن، اس رات جنت کی تزئین و آرائش کی جاتی ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / وسائل الشيعة

# ماہِ رمضان کے پچیسویں دن کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْني فيهِ مُحِبّاً لِاَوْلِيائِكَ، وَمُعادِياً لِاَعْدائِكَ، مُسْتَنّاً بِسُنَّةِ خاتَمِ اَنْبِيائِكَ، يا عاصِمَ قُلُوبِ النَّبِيّينَ.

جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اس کے لیے جنت میں سو محل تعمیر ہوں گے جن میں سے ہر محل پر سبز خیمہ ہو گا۔

# ماہ رمضان کی چھبیسویں شب کی نماز

یہ آٹھ رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔

رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): جو اس رات کسی بھی سورے کے ساتھ آٹھ رکعت نماز ادا کرے گا، اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔۔



ابو الحسن اصفہانی نقل کرتے ہیں: میں امام صادقؑ کے پاس تھا۔ وہاں میں نے ایک شخص کو مولاؑ سے یہ کہتے سنا: میں اپنے جسم میں کمزوری محسوس کر رہا ہوں۔ مولاؑ نے فرمایا: تم پر لازم ہے کہ دودھ پیو۔ اس سے گوشت بڑھتا ہے اور ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔۔

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




المصادر: مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل / الكافي

## ماہِ رمضان کے چھبیسویں دن کی دعا

اَللَّهُمَّ اجْعَلْ سَعْيِي فيهِ مَشْكُوراً، وَذَنْبِي فيهِ مَغْفُوراً وَعَمَلي فيهِ مَقْبُولاً، وَعَيْبِي فيهِ مَسْتُوراً، يا أَسْمَعَ السّامِعينَ.

جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اسے روز قیامت صدا دی جائے گی خوف اور غم مت کھاو۔ تمہیں معاف کر دیا گیا ہے۔

## ماہ رمضان کی ستائیسویں شب کی نماز

یہ چار رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ ملک پڑھے اگر یہ نہ ہوسکے تو پچیس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔ خدا اس کی اور اس کے والدین کی مغفرت فرمائے گا۔

مروی ہے کہ اس رات کی ابتدا سے انتہا تک امام زین العابدینؑ یہ ورد کرتے تھے: اَللّهُمَّ ارْزُقْني التَّجافِيَ عَنْ دارِ الغُرُورِ، وَالإِنابَةَ إِلى دارِ الْخُلُودِ، وَالاسْتِعْدادَ لِلْمَوْتِ قَبْلَ حُلُولِ الْفَوْتِ.



امام صادق (علیہ السلام) سے مروی ہے: تم پر لازم ہے کہ سالاد کا پتہ کھاؤ۔ یہ خون کو صاف کرتا ہے۔۔

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

المصادر: مفاتيح الجنان / ضياء الصالحين / الوسائل / الكافي

## ماہِ رمضان کے ستائیسویں دن کی دعا

اَللّهُمَّ ارْزُقْني فيهِ فَضْلَ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَصَيِّرْ اُمُوري فيهِ مِنَ الْعُسْرِ اِلَى الْيُسْرِ، وَاقْبَلْ مَعاذيري، وَحُطَّ عَنّيِ الذَّنْبَ وَالْوِزْرَ، يا رَؤُوفاً بِعِبادِهِ الصّالِحينَ.

جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اس کے لیے جنت میں سونے، چاندی یاقوت اور زمرد سے ہزار شہر بنائے جائیں گے۔۔

## ماہ رمضان کی اٹھائیسویں شب کی نماز

یہ چھ رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ آیۃ الکرسی، سو مرتبہ سورہ توحید اور سو مرتبہ سورہ کوثر پڑھے اور بعد از نماز سو مرتبہ صلوات پڑھے اور ایک روایت کے مطابق اس نماز میں آیت الکرسی، سورہ توحید اور سورہ کوثر کی دس دس مرتبہ تلاوت کرنی ہے۔۔



امام صادق (علیہ السلام) سے مروی ہے:

بینگن کھاؤ۔ یہ بیماری کو دور کرتا ہے اور اس میں کوئی بیماری نہیں۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

شهر رمضان

المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / الوسائل

## ماہِ رمضان کے اٹھائیسویں دن کی دعا

اَللّهُمَّ وَفِّرْ حَظّي فيهِ مِنَ النَّوافِلِ، وَاَكْرِمْني فيهِ بِاِحْضارِ الْمَسائِلِ، وَقَرِّبْ فيهِ وَسيلَتي اِلَيْكَ مِنْ بَيْنِ الْوَسائِلِ، يا مَنْ لا يَشْغَلُهُ اِلْحاحُ الْمُلِحّينَ

جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، گویا اس نے ہر بھوکے کو کھانا کھلایا۔

## ماہ رمضان کی انتیویں شب کی نماز

یہ دو رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بیس مرتبہ سورہ توحید پڑھے تو وہ شخص ان افراد میں سے ہو گا جن پر رحم کیا گیا ہے، اس کا نامہ اعمال اعلی علیین کے درجے تک بلند ہوگا۔

**ماہ رمضان کی آخری شب:** یہ بڑی بابرکت رات ہے اور اس میں چند اعمال ہیں: غسل کرے۔ زیارت امام حسین ۔سورہ انعام ، سورہ کہف اور سورہ یاسین کی تلاوت کرے اور سو مرتبہ کہے: اَستَغفِرُاللہ وَاَتُوبُ اِلَیہِ۔ امام جعفر صادق (علیہ السلام) سے روایت ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص ماہ رمضان کی آخری رات کو الوداع کرے تو یہ کہے:

اَللّٰهُمَّ لَاتَجْعَلْهُ آخِرَ الْعَهْدِ من صِيامِي لِشَهْرِ رَمَضانَ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ يَطْلُعَ فَجْرُ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ إلَّا وَقَدْ غَفَرْتَ لِي

جو شخص ان کلمات کے کیساتھ ماہ رمضان کوالوداع کرے تو حق تعالیٰ اسے صبح ہونے سے پہلے بخش دے گا اور اس کو توبہ و استغفار کی توفیق عطا کرے گا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

youtube.com/madrasaalqaaim
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992




المصادر: مفاتيح الجنان
ضياء الصالحين / الوسائل

## ماہِ رمضان کے انتیسویں دن کی دعا

اللَّهُمَّ غَشِّني فيهِ بالرَّحْمَةِ، وَارْزُقْني فيهِ التَّوْفيقَ وَالْعِصْمَةَ، وَطَهِّرْ قَلْبي مِنْ غَياهِبِ التُّهْمَةِ، يا رَحيماً بِعِبادِهِ الْمُؤْمِنينَ.

جو شخص اس دن اس دعا کی تلاوت کرے گا، اگر جنت میں اس کے حصے کا دنیا کے ساتھ موازنہ کیا جائے تو دنیا سے چالیس گنا بڑا ہو گا۔

## ماہ رمضان کی تیسویں شب کی نماز

یہ بارہ رکعت ہے (دو دو کرکے) جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بیس مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور بعد از نماز سو مرتبہ صلوات پڑھے تو اس کا خاتمہ رحمت کے ساتھ ہوگا۔

**ماہ رمضان کی آخری شب:** یہ بڑی بابرکت رات ہے اور اس میں چند اعمال ہیں: غسل کرے۔ زیارت امام حسین ۔سورہ انعام ، سورہ کہف اور سورہ یاسین کی تلاوت کرے اور سو مرتبہ کہے: اَسْتَغْفِرُ للہ وَاَتُوبُ اِلَیہِ۔ امام جعفر صادق (علیہ السلام) سے روایت ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص ماہ رمضان کی آخری رات کو الوداع کرے تو یہ کہے:

اَللّٰهُمَّ لاَ تَجْعَلْهُ آخِرَ الْعَهْدِ مِن صِيامِي لِشَهْرِ رَمَضانَ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ يَطْلُعَ فَجْرُ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ إِلاَّ وَقَدْ غَفَرْتَ لِي

جو شخص ان کلمات کے کیساتھ ماہ رمضان کوالوداع کرے تو حق تعالیٰ اسے صبح ہونے سے پہلے بخش دے گا اور اس کو توبہ و استغفار کی توفیق عطا کرے گا۔

# ماہِ رمضان کے تئیسویں دن کی دعا

اَللّهُمَّ اجْعَلْ صِيامي فيهِ بالشُّكْرِ وَالْقَبُولِ عَلى ما تَرْضاهُ وَيَرْضاهُ الرَّسُولُ، مُحْكَمَةً فُرُوعُهُ بالأُصُولِ، بِحَقِّ سَيِّدِنا مُحَمَّد وَآلِهِ الطّاهِرينَ، وَالْحَمْدُ للهِ رَبِّ الْعالَمينَ.

## شبِ یکم شوال کے اعمال

یکم شوال کی رات با برکت راتوں میں سے ہے۔اس میں عبادت اور شب بیداری کے ثواب سے متعلق بہت سی احادیث وارد ہوئیں ہیں۔

مروی ہے کہ یہ رات مرتبے میں شب قدر سے کچھ کم نہیں۔اس میں چند ایک اعمال ہیں:

( 1 ) غروب آفتاب کے وقت غسل کرے۔ ( 2 ) نماز، دعا اور استغفار کرتے ہوئے مسجد میں جاگ کر رات گزارے۔

( 3 ) نماز مغرب، عشا، فجر اور نماز عید کے بعد یہ تکبیریں پڑھے:

اللهُ أَكْبَرُ اللهُ أَكْبَرُ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ اللهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى مَا هَدَانَا ، وَلَهُ الشُّكْرُ عَلَى مَا أَوْلاَنَا

( 4 ) نماز مغرب کے فرائض و نافلہ کے بعد ہاتھوں کو بلند کرکے کہے:

يَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ، يَا ذَا الْجُودِ، يَا مُصْطَفِيَ مُحَمَّدٍ وَنَاصِرَهُ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْ لِي كُلَّ ذَنْبٍ أَحْصَيْتَهُ وَهُوَ عِنْدَكَ فِي كِتَابٍ مُبِينٍ

اس کے بعد سجدے میں جاکر سو مرتبہ کہے: أَتُوبُ إِلَى اللهِ پس اب خدا سے جو حاجت بھی طلب کرے۔

(5) امام حسینؑ کی زیارت پڑھے۔ (6) دعا "یا دائم الفضل۔۔۔" دس مرتبہ پڑھے۔

(7 ) دس رکعت نماز پڑھے جس کا ذکر ماہ رمضان کی آخری شب کے اعمال میں ہو چکا ہے۔

( 8 ) دو رکعت نماز ادا کرے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورہ توحید پڑھے، اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ توحید پڑھے نماز کا سلام دینے کے بعد سر سجدے میں رکھے اور سو مرتبہ کہے: أَتُوبُ إِلَى اللهِ پھر کہے:

يَا ذَا الْمَنِّ وَالْجُودِ، يَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ، يَا مُصْطَفِيَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَافْعَلْ بِي كَذَا وَكَذَا

وَافْعَلْ بِي كَذَا کی بجائے اپنی حاجت طلب کرے۔

روایت ہے کہ امیر المؤمنینؑ یہ نماز اسی طریقے سے بجالاتے تھے اور جب سر سجدے سے اٹھاتے تو فرماتے کہ اس خدا کے حق کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جو بھی شخص یہ نماز پڑھ کر خدا سے اپنی کوئی حاجت طلب کرے گا تو وہ یقینا پوری ہوگی اور اسکے گناہ اگر ریت کے ذرات کے برابر بھی ہوں تو معاف کر دیئے جائیں گے۔

ایک اور روایت میں اس نماز کی پہلی رکعت میں ایک ہزار کی بجائے ایک سو مرتبہ سورہ توحید پڑھنے کا ذکر آیا ہے لیکن اس روایت کی بنا پر اس نماز کو نماز مغرب اور نافلہ مغرب کے بعد بجا لانا ہوگا۔